http://www.sgbauonline.com/

AV–1658

B.Sc. (Part–I) Semester–I Examination
URDU (Old) (Upto Winter-2018)
(Compulsory)

Time : Three Hours] [Maximum Marks : 40

سوال نمبر۱۔ مندرجہ ذیل میں سے صرف دو کے جوابات تحریر کیجئے : 8

(۱) تاریخ کی دوسری منزل بیان کیجئے۔

(۲) شاہ ہمورابی کا قانون مختصر لکھیے۔

(۳) الکٹرونکس کی اہمیت بیان کیجئے۔

(۴) روبوٹ یا مشینی انسان کے کام بیان کیجئے۔

سوال نمبر۲۔ ذیل میں سے دو اقتباسات کی تشریح کیجئے : 8

(۱) سحر فسوں وہ رکھتی ہے بہر فریب دل
حیراں ہو سحرِ سامری بھی جس کو دیکھ کر
لینے کو نقد عمر کے شیریں ہے مثل قند
جب لے چکے تو ہوتی ہے حنظل سے تلخ تر
جو اس سے دل لگاتے ہیں آخر ہو منفعل
ملتے ہیں اپنے دست تاسف بہ یک دیگر

(۲) اس کنج دلنشیں میں قبضہ نہ ہو خزاں کا
جو ہو گلوں کا تختہ ، تختہ ہو اک جہاں کا
بلبل کو ہو چمن میں صیاد کا نہ کھٹکا
خوش خوش ہو شاخ گل پر غم ہو نہ آشیاں کا
حب وطن کے مل کر سب ایک راگ گائیں
لہجہ جدا ہو گرچہ مرغانِ نغمہ خواں کا

http://www.sgbauonline.com/

http://www.sgbauonline.com/

(۳) ترے خرام میں ہے زلزلوں کا راز نہاں
ہر اک گام پہ اک انقلاب پیدا کر
صدائے تیشۂ مزدور ہے ترا نغمہ
تو سنگ و خشت سے چنگ و رباب پیدا کر
بہت لطیف ہے اے دوست تیغ کا بوسہ
یہی ہے جانِ جہاں اس میں آب پیدا کر

(۴) شراب کھینچی ہے سب نے غریب کے خوں سے
تو اب امیر کے خوں سے شراب پیدا کر
گرادے قصر تمدن کہ اک فریب ہے یہ
اٹھا دے رسم محبت ، عذاب پیدا کر
جو ہو سکے ہمیں پامال کرکے آگے بڑھ
نہ ہو سکے تو ہمارا جواب پیدا کر

سوال نمبر۳۔ درج ذیل میں سے صرف دو کے جواب لکھیے : 8

(۱) آدمی اخلاق کی تعلیم کہاں پاتا ہے اور کس طرح؟ بیان کیجئے۔

(۲) عورتوں میں کس عادت کا ہونا ضروری ہے اور کیوں؟ بیان کیجئے۔

(۳) قبرستان کا خاکہ اپنے الفاظ میں کھینچئے۔

(۴) قبرستان میں سقہ کو آپ کس طرح رہتا دیکھتے ہیں؟ بیان کیجئے۔

سوال نمبر۴۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک سوال کا مفصل جواب لکھئے : 8

(۱) رکشاوالوں کے بارے میں اپنے خیالات بیان کیجئے۔

(۲) رکشاوالا کمشنر وک کے یہاں کیا کام کرتا تھا؟

سوال نمبر۵۔ کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیے : 8

(۱) پابندئ وقت

(۲) شہری اور دیہاتی زندگی

(۳) جب تک سانس تب تک آس

http://www.sgbauonline.com/